**بینک دولت پاکستان**

**شعبہ بینکاری پالیسی اور ضوابط**

**آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی**

**بی پی آرڈی سرکلر لیٹر نمبر 11 برائے 2019ء** | **03 مئی 2019ء**

صدور / چیف ایگزیکٹوز،

تمام بینک / ترقیاتی مالی ادارے / مائیکرو فنانس بینک

محترم / محترمہ،

**<u>رمضان المبارک 1440 ہجری کے دوران دفتری اور کاروباری اوقات</u>**

رمضان المبارک 1440 ہجری کے دوران اسٹیٹ بینک کے دفتری اوقات درج ذیل ہیں، جن کا اطلاق تمام بینکوں ترقیاتی مالی اداروں / مائیکرو فنانس بینکوں پر بھی ہوگا۔

| ایام | دفتری اوقات |
|---|---|
| پیر تا جمعرات | صبح 10 بجے تا شام 4 بجے تک (2 سے 2.15 بجے تک نماز کا وقفہ) |
| جمعہ | صبح 9 بجے سے 2 بجے تک (بلا وقفہ) |

2۔ تاہم کاروباری (بینکاری) اوقات اور عوام سے لین دین کے لیے درج ذیل اوقاتِ کار کی پابندی کی ہدایت کی جاتی ہے:

| ایام | عوام سے لین دین کے لیے کاروباری (بینکاری) اوقات |
|---|---|
| پیر تا جمعرات | صبح 10 تا دوپہر 2 بجے (بلا وقفہ) |
| جمعہ | صبح 9 سے دوپہر 1 بجے (بلا وقفہ) |

3۔ رمضان المبارک کے بعد درج بالا اوقاتِ کار حسبِ سابق تبدیل ہو جائیں گے۔

**آپ کا مخلص**

**(سید عمران علی)**

**ایڈیشنل ڈائریکٹر**